فہم سنت سلسلہ نمبر: 3

# باحیا و پاکدامن بنانے والی 46 سنتیں

- ان 46 سنتوں پر عمل کر لیا جائے تو اسلام کی حیا سے متعلق اکثر تعلیمات پر عمل ہو جائے گا
- آنکھوں کی حیا اور 10 سنتیں
- زبان کی حیا اور 7 سنتیں
- کانوں کی حیا اور 2 سنتیں
- دل دماغ سوچ و خیالات کی حیا اور 4 سنتیں
- ہاتھوں کی حیا اور 5 سنتیں
- پیروں کی حیا اور 6 سنتیں
- شرمگاہ کی حیا اور 6 سنتیں
- جسم اور لباس کی حیا اور 6 سنتیں
- والدین کے لیے بچوں، بچیوں کو جنسی بے راہ روی سے بچانے کے لیے لاجواب کتابچہ
- مدارس، مکاتب، اسکول، کالجز اور یونیورسٹی کے معلمین، معلمات اور مساجد کے آئمہ خطباء کے لیے حیا و پاکدامنی کی تربیت کے اعتبار سے بہترین مواد
- ہر فرد، ہر اس شخص کی ضرورت جو اپنے آپ کو بے حیائی کے سیلاب سے بچانا چاہتا ہو



مرتب: مفتی منیر احمد صاحب

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ)
MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# حیاو پاکدامنی

❑ اپنے اندر حیاو پاکدامنی پیدا کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ سے توفیق مانگیں رو رو کر اوقات قبولیت میں اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگیں:

اے اللہ میں حیا کے تقاضوں کے مطابق عمل کرنا چاہتا ہوں
میں بار بار کوشش بھی کرتا ہوں پھر غلطی ہوجاتی ہے۔ میں
کمزور ہوں آپ کی توفیق کے بغیر میرے لیے بے حیائی سے
بچنا مشکل ہے، آپ ہی میری مدد فرمائیں۔

اس دعا کا بھی اہتمام کریں:

اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْهُدَى وَالتُّقَى وَالْعَفَافَ وَالْغِنَىٰ۔ (ترمذی:3489، ابن ماجہ:3832، مسلم:2721، مسند احمد:3904)

اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ، پاک دامنی، اور لوگوں سے بے نیازی کا سوال کرتا ہوں۔

# باحیااور پاکدامن بنانے والی 46 سنتیں

## ❑ آنکھوں کی حیااور 10 سنتیں

**سنت** 1: نامحرم کوان کی تصاویر کو نہ دیکھیں نہ براہ راست نہ بذریعہ اسکرین۔(1)

**سنت** 2: بلاضرورت اپنا ستر بھی نہ دیکھیں۔(2)

**سنت** 3: بوقت ضرورت بھی بقدر ضرورت دیکھنے کی گنجائش ہے، جیسے مخطوبہ (جس لڑکی سے نکاح کرنے کا ارادہ ہو) کو دیکھنا(3) مریضہ کو دیکھنا(4)

**سنت** 4: از دواجی تعلق کے وقت بھی ایک دوسرے کے ستر کو دیکھنا پسندیدہ نہیں لہٰذا اس سے بھی اجتناب کریں۔(5)

**سنت** 5: جہاں بدنظری کے امکانات ہوں وہاں نہ جائیں، لہٰذا بغیر اجازت کے کسی کے گھر/کمرہ میں داخل نہ ہوں۔(6) اور اجازت لینے کے لیے بھی کسی کے دروازے کے سامنے نہ کھڑے ہوں۔(7) فیس بک یوٹیوب وغیرہ کا بھی یہی حکم ہے۔

**سنت** 6: اگر کسی ضرورت کی وجہ سے ایسی جگہ بیٹھنا پڑے جہاں بدنظری کا احتمال ہو تو حتی الامکان نگاہیں نیچی رکھیں۔(8)

**سنت** 7: اگر اچانک غیر ارادی طور پر نامحرم پر نظر پڑ جائے تو فورا ہٹالیں دوبارہ نظر نہ ڈالیں۔(9)

**سنت** 8: اگر کسی نامحرم پر نظر پڑ جانے سے دل میں گندہ جذبہ پیدا ہوجائے تو

اگر شادی شدہ ہیں تو بیوی کے پاس جائیں۔(10)

**سنت** 9: عشق ومحبت والے ناول ، افسانے ، کہانیاں نہ دیکھیں نہ پڑھیں۔(11)

**سنت**10: آنکھوں کی اشارہ بازی سے بچیں۔(12)

## □زبان کی حیااور 7 سنتیں

**سنت** 1: نامحرم سے سلام کلام، بات چیت نہ کریں۔(13)

**سنت** 2: خواتین نامحرم مردوں سے ضرورت کی بات کرتے ہوئے جان بوجھ کر اپنے لہجے میں نزاکت ، رس بھری آواز اور کشش پیدا نہ کریں کسی بد اخلاقی کے بغیر پھیکے انداز میں اپنی بات کہیں۔(14)

**سنت** 3: مردوں کو بھی چاہیے کہ خواتین کی مجلس میں اپنی آواز ( بیان ، تلاوت، نعت ، بات چیت وغیرہ ) کے ذریعہ انہیں اپنی طرف مائل کرنے کی کوشش نہ کریں۔(15)

**سنت** 4: فحش ، بے ہودہ باتوں اور مذاق سے، حرام بوس وکنار سے تو بہت زیادہ اجتناب کریں۔(16)

**سنت** 5: اپنے دائرہ اختیار میں حیا ، پاکدامنی اور حیا کے شرعی تقاضوں کی دعوت دیتے رہیں ، یہاں تک کہ اس حد تک اصلاح وتربیت ہوجائے کہ وہ طبعاً بے حیائی سے نفرت کریں اسے گناہ سمجھیں ، ان کا ضمیر انہیں بے حیائی سے باز رکھے۔(17)

**سنت** 6: ماتحتوں میں اگر کوئی بات، کوئی کام خلاف حیا دیکھیں، محسوس کریں تو شرعی حدود میں رہتے ہوئے غیرت اور حمیت کا مظاہر کریں، سخت نوٹس لیں، ہرگز خاموش نہ رہیں، چشم پوشی نہ کریں۔(18)

**سنت** 7: روزانہ اہتمام سے رو رو کر اوقات قبولیت اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگیں:

اے اللہ میں حیا کے تقاضوں کے مطابق عمل کرنا چاہتا ہوں میں بار بار کوشش بھی کرتا ہوں، پھر بھی غلطی ہوجاتی ہے، میں کمزور ہوں آپ کی توفیق کے بغیر میرا بے حیائی سے بچنا مشکل ہے، آپ ہی میری مدد فرمائیں۔(19)

اس دعا کا بھی اہتمام کریں:

اللّٰھُمَّ إِنِّی أَسْأَلُكَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ والْغِنٰی۔(20)

اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ، پاک دامنی، اور لوگوں سے بے نیازی کا سوال کرتا ہوں۔

## ❑ کانوں کی حیا اور 2 سنتیں

**سنت** 1: نامحرم کی باتوں کو، آواز کو لذت لیکر نہ سنیں۔(21)

**سنت** 2: گانے، میوزک، موسیقی، اور وہ نعتیں اور قوالیاں جن میں میوزک ہو ان کے سننے سے بچیں، ایسی مجالس اور تقریبات سے بھی بچیں جن میں یہ چیزیں ہوں۔(22)

□ دل دماغ سوچ وخیالات کی حیا اور 4 سنتیں

**سنت** 1: کوئی ناجائز محبت دل میں نہ رکھیں۔(23)

**سنت** 2: سوچوں ،تصورات اور خیالات کو پاکیزہ رکھیں ، اپنے اختیار سے برے خیالات نہ ذہن میں لایں نہ ازخود آنے والے برے خیالات کو جمایں۔(24)

**سنت** 3: اگر کسی نامحرم پر نظر پڑ جانے سے دل میں گندہ جذبہ پیدا ہوجائے تو اگر شادی شدہ ہیں تو بیوی کے پاس جائیں۔(25)

**سنت** 4: نفسانی خواہشات ( خاص طور سے حب باہ ) کو مغلوب کرنے کی محنت میں لگے رہیں۔(26) ہمت سے کام لیں جس وقت ناجائز خواہشات ، شہوات کی طرف میلان ہو تو اس وقت ان کے دنیوی واخروی نقصانات کو سوچیں ، اگر یہ طریقہ کارگر نہ ہو تو خواہشات کے پورا کرنے کے ارادے کے وقت ہمت سے کام لیں ، اگر اس میں بھی ناکامی ہوجائے تو سچی توبہ کے ذریعہ تلافی کریں۔(27)

مباح خواہشات میں میانہ روی اختیار کریں کھانے پینے ، باتیں کرنے ، ہنسنے ہنسانے ، گھومنے گھومانے ، ملنے ملانے اور دیگر مباح خواہشات میں میانہ روی بوقت ضرورت بقدر ضرورت اختیار کریں یعنی نفس کو روکیں جب ان خواہشات کا سخت تقاضہ ہو تب انکو بقدر ضرورت اختیار کریں۔ ہر وقت ہر خواہش کو پورا کرنے کے چکر میں نہ رہیں۔(28)

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

**ہاتھوں کی حیااور 5 سنتیں**

**سنت 1:** نامحرم کو بلاضرورت ہاتھ لگانے، چھونے، مصافحہ کرنے سے بچیں۔(29)

**سنت 2:** نامحرم کو ناجائز میسج بھیجنے، چیٹنگ سے، اور اپنے اسٹیٹس، فیس بک، ویب سائٹ، ٹک ٹاک وغیرہ پر بے ہودہ مواد لگانے سے اجتناب کریں۔(30)

**سنت 3:** تعلقات بڑھانے کے لیے نامحرم کو ہدیے، تحفے دینے سے بچیں۔(31)

**سنت 4:** ہاتھ یا انگلی کے ذریعہ مشت زنی اور نفسانی خواہش پوری کرنے سے بچیں۔(32)

**سنت 5:** ہاتھ کے ذریعہ بیہودہ اشارہ، اور مذاق نہ کریں۔(33)

**پیروں کی حیااور 6 سنتیں**

**سنت 1:** ایسی جگہ نہ جایں، نہ ٹھہریں جہاں مردوں عورتوں کا آزادنہ اختلاط ہو۔(34)

**سنت 2:** ایسی جگہ نہ جایں، نہ ٹھہریں جہاں نامحرم کے ساتھ تنہائی اور خلوت ہو۔(35)

**سنت 3:** خواتین بلاضرورت گھر سے باہر نہ نکلیں، بوقت ضرورت اگر نکلیں تو ضرورت پوری ہوتے ہیں واپس گھر آیں۔(36)

**سنت 4:** خواتین کا اگر سفر شرعی (سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ مسافت کا سفر) ہوتو محرم کے بغیر سفر نہ کریں۔(37)

**سنت** 5: اگر عورت شادی شدہ ہوتو شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے نہ نکلیں۔(38)

**سنت** 6: خواتین جب جہاں جایں حیا کی چال چلیں، چال میں ایسی اداء پیدا نہ کریں جس سے نگاہیں خود بخود متوجہ ہوں۔(39)

❑ شرمگاہ کی حیا اور 6 سنتیں

**سنت** 1: زنا بدکاری کے قریب بھی نہ بھٹکیں۔(40)

**سنت** 2: نفس کی خواہش پوری کرنے کی جتنی ناجائز صورتیں ہیں ان سے اپنی شرمگاہ کو محفوظ رکھیں، مشت زنی سے بھی بچیں۔(41)

**سنت** 3: ہم جنس پرستی سے اپنے آپ کو بہت بچایں۔(42)

**سنت** 4: ازدواجی تعلق میں بھی غیر فطری طریقے سے بچیں۔(43)

**سنت** 5: حیض ونفاس کے ایام میں ازدواجی تعلق سے احتراز کریں۔(44)

**سنت** 6: جنسی خواہش انسانی فطرت کا تقاضہ ہے، نکاح اس کو پورا کرنے کا جائز طریقہ ہے، لہٰذا بلا عذر شرعی بے نکاحی زندگی نہ گزاریں، نکاح کریں اور نکاح میں جلدی کریں تاخیر نہ کریں اور سادگی سے کریں غیر ضروری رسم ورواج سے بچیں۔(45)

❑ جسم اور لباس کی حیا اور 6 سنتیں

**سنت** 1: اپنے ستر کو چھپانے اور ڈھانپنے کا بہت اہتمام کریں۔(46)

**سنت** 2: خواتین اپنے محرم کے سامنے بھی شائستہ لباس پہنیں۔(47)

**سنت** 3: خواتین نماز میں چہرہ( جتنا وضو میں دھویا جاتا ہے ) دونوں ہتھیلیوں( گٹوں تک ) اور دنوں پیر (ٹخنوں تک ) کے علاوہ پورے بدن کو چھپایں۔(48)

**سنت** 4: خواتین اجنبی مردوں سے اپنے پورے جسم کو چھپایں ، لہٰذا چھوٹا ،چست اور باریک لباس نہ ہو، چہرے پر نقاب ہو،لباس کے اوپر برقع ہو، برقع بھی باریک،تنگ،جاذب نظر نہ ہو۔(49)

**سنت** 5: خواتین اپنی زیب وزینت ،خوشبو، بناؤ سنگھار، زیور کی جھنگار کو اجنبیوں سے چھپایں۔(50)

**سنت** 6: ایک دوسرے سے جسمانی فاصلہ کا خیال رکھیں خاص طور پر سوتے وقت۔(51)

# باحیا اور پاکدامن بنانے والی 46 سنتیں

## خود احتسابی جائزہ

گزشتہ صفحات میں باحیا بنانے والی جو 46 سنتیں ذکر کی ہیں ان کو اپنے عمل میں لانے کے لیے ذیل میں ہر سنت کے سامنے تیس، تیس خانے ہیں۔ ایک ماہ تک روزانہ ایک خانہ کو اس طرح پُر کریں کہ اگر اس معمول پر عمل کیا ہے تو ✓ کا نشان، نہیں کیا تو × کا نشان لگا دیں۔

### آنکھوں کی حیا اور 10 سنتیں

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنت 1 | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | |
| سنت 2 | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | |
| سنت 3 | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | |
| سنت 4 | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | |
| سنت 5 | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | |
| سنت 6 | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | |
| سنت 7 | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | |
| سنت 8 | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | |
| سنت 9 | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | |
| سنت 10 | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | |

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

## زبان کی حیااور7سنتیں

| | |
|---|---|
| سنت1 | |
| سنت2 | |
| سنت3 | |
| سنت4 | |
| سنت5 | |
| سنت6 | |
| سنت7 | |

## کانوں کی حیااور2سنتیں

| | |
|---|---|
| سنت1 | |
| سنت2 | |

## دل دماغ سوچ وخیالات کی حیااور4سنتیں

| | |
|---|---|
| سنت1 | |
| سنت2 | |
| سنت3 | |
| سنت4 | |

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

## ہاتھوں کی حیااور5سنتیں

| | |
|---|---|
| سنت1 | |
| سنت2 | |
| سنت3 | |
| سنت4 | |
| سنت5 | |

## پیروں کی حیااور6سنتیں

| | |
|---|---|
| سنت1 | |
| سنت2 | |
| سنت3 | |
| سنت4 | |
| سنت5 | |
| سنت6 | |

## شرمگاہ کی حیااور6سنتیں

| | |
|---|---|
| سنت1 | |
| سنت2 | |
| سنت3 | |

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

| | |
|---|---|
| سنت4 | |
| سنت5 | |
| سنت6 | |

## جسم اور لباس کی حیا اور 6 سنتیں

| | |
|---|---|
| سنت1 | |
| سنت2 | |
| سنت3 | |
| سنت4 | |
| سنت5 | |
| سنت6 | |

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# حوالہ جات

**(1)**(نور:30-31،جامع الاصول:4959-823،مسلم:2657،ترمذی:2779،ابوداؤد:4112)
**(2)**(ابوداؤد:4017)
**(3)**(ابوداؤد:2082)
**(4)**(مسلم:2206)
**(5)**(ابن ماجہ:662)
**(6)**(نور:27،ابوداؤد:5176)
**(7)**(مجمع الزوائد:8/87،ابوداؤد:5186)
**(8)**(بخاری:6229)
**(9)**(مسلم:2159،ابوداؤد:2149،مسند احمد:22278)
**(10)**(مسلم:1403)
**(11)**(لقمان:6،مسند ابی یعلی:4760)
**(12)**(نور:30-31،غافر:19)
**(13)**(بخاری:1234-4141،نور:31)
**(14)**(احزاب:32،نور:31)
**(15)**(بخاری:6211،بخاری باب علی الحدیث:5057)
**(16)**(لقمان:7،ترمذی:1977،مسند احمد:6487،مسلم:2657،جامع الاصول:823)
**(17)**(تحریم:6،بخاری:893،مسلم:1829،ترمذی:1705،مسند احمد:4495،ابوداؤد:2928)
**(18)**(نسائی:2562،مستدرک حاکم:244)
**(19)**(فاتحہ:5)
**(20)**(ترمذی:3489،ابن ماجہ:3832،مسلم:2721،مسند احمد:3904)
**(21)**(جامع الاصول:823،مسلم:2657)
**(22)**(لقمان:6،مسند احمد4633،شعب الایمان للبیہقی:4746،ترمذی:221)
**(23)**(نور:33،احزاب:33-32،ابن ماجہ:1847،ترمذی:1087،نسائی:3235)
**(24)**(انعام:120،بخاری:6612،جامع الاصول:823،مسلم:2657)

**(25)**(مسلم:1403)

**(26)**(نازعات:40،بخاری:1905)

**(27)**(اعراف:201،بخاری تفسیر،سورۂ رحمٰن:46)

**(28)**(نازعات:40)

**(29)**(جامع الاصول:823،مسلم:2657،معجم کبیر:486،بخاری:2713)

**(30)**(یسین:65،نور:19،ترمذی:3583)

**(31)**(نور:33،مزید دیکھیں حوالہ نامحرم سے سلام کلام)

**(32)**(نور:30،معارف القرآن)

**(33)**(یسین:65،نور:19،ترمذی:3583)

**(34)**(نور:30-31،ابوداؤد:3123-1040-5272،بخاری:1618)

**(35)**(ترمذی:2779-1172-1171،بخاری:5232،مسلم:2173)

**(36)**(احزاب:33،طلاق:1-6،ابوداؤد:1722،ترمذی:1173،بخاری:870)

**(37)**(ابوداؤد:1726-1723،بخاری:1188،ترمذی:1170)

**(38)**(الترغیب:126/4،معجم اوسط:513)

**(39)**(قصص:25،احزاب:32،طبری،نور:30-31،جامع الاصول:823،مسلم:2657)

**(40)**(اسراء:32،بخاری:2475،-7047،ابن ماجہ:4019،موطاء:1670،مشکوٰۃ:3582)

**(41)**(نور:30،معارف القرآن)

**(42)**(عنکبوت:28،مسند احمد:2816،ترمذی:1165)

**(43)**(ابوداؤد:2162،مسند احمد:6706،ترمذی:135)

**(44)**(بقرۃ:222،ترمذی:135)

**(45)**(بخاری:5066-5063،ترمذی:1075-1084،مشکوٰۃ:3139-3138،مسند احمد:24529)

**(46)**(اعراف:22-26،مسلم:212،جامع الاصول:732،ابوداؤد:14-4017-4012،ترمذی:2800،
بخاری:5652-4681،ابن ماجہ:1921)

**(47)**(نور:31)

**(48)**(اعراف:31،ابوداؤد:641)

**(49)**(احزاب:35،ابوداؤد:4116-4104-1333-1826،مسند احمد:21788)

**(50)**(نور:31،احزاب:33،ترمذی:2786،ابوداؤد:4173،ابن ماجہ:4002-4001،بخاری:1280)

**(51)**(مصنف ابن ابی شیبہ:3482،مسند احمد:8318)



# فہم حیا و پاکدامنی

## خصوصیات

- بے حیائی کے جن نتائج کے تصور سے بھی ہماری روحیں کانپتی ہیں ان کے اسباب گلے کا ہار کیوں؟
- بے حیائی کے بڑھتے ہوئے رجحانات سے معاشرے کو کیسے بچائیں؟
- بچوں کو جنسی بے راہ روی اور جنسی درندگی سے کیسے بچائیں؟
- حیاء کا مفہوم، اہمیت ضرورت اور حیاء کے 8 تقاضے کیا ہیں؟
- بے حیائی کا مفہوم، نقصانات، 8 بنیادی اسباب اور بے حیائی کے انسداد سے متعلق چند اہم تجاویز و تدابیر
- پردے اور حجاب سے متعلق غلط فہمیاں اور ان کا ازالہ
- مخلوط تعلیم گاہوں میں پڑھنے کا حکم
- جوائنٹ فیملی سسٹم میں پردہ کیسے کریں؟
- عورتوں کے مرد ڈاکٹر سے علاج معالجہ، ان کے ملازمت کرنے کی حدود و قیود کیا ہیں؟
- کن رشتوں سے پردہ ہے، کن سے نہیں؟


آن لائن منگوانے کے لیے

مکمل پتا میسج / واٹس ایپ کریں۔
ڈاک خرچ معلوم کریں۔
ڈاک خرچ سمیت رقم بینک میں جمع کروا کر رسید بھیجیں۔

میزان بینک
اکاؤنٹ ٹائٹل Al-Muneer Markaz Taleem-o-Tarbiyat Foundation
برانچ کوڈ 0116 اکاؤنٹ نمبر 0103893188

صفحات
250

قیمت
350/= روپے
علاوہ ڈاک خرچ

آج ہی اپنا آرڈر بک کرائیں

رابطہ نمبر: 0331-2607204 / 7 -0336-2158882

Almuneer.pk AlmuneerOfficial Almuneer